انسداد بچہ شادی پر منعقد ورکشاپ میں حصہ لیتے ہوئے سماجی فلاح کے وزیر دامودر راوت و وجیہ لکشمی ---------

بچہ شادی پر روک کیلئے پائلٹ منصوبہ تیار

پٹنہ 4 اگست (اسٹاف رپورٹر) ریاست میں بچہ شادی پر قابو پانے کیلئے حکومت کی جانب سے ایک پائلٹ منصوبہ تیار کیا گیا ہے۔ جس کے نفاذ کیلئے خواتین ترقیاتی کارپوریشن نے پہل شروع کردی ہے ساتھ ہی لوگوں میں اس کے تئیں عوام کی حصہ داری اور بیداری مہم پروگرام بھی چلایا جارہا ہے۔ فی الحال ریاست کے دو ضلعوں گیا اور ویشالی میں اس کی شروعات کی گئی ہے۔ آج پٹنہ میں خواتین ترقیاتی کارروپوریشن اور یونیسف بہار اکائی کے زیر اہتمام بچہ شادی کو روکنے کیلئے دوروزہ ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ آج پہلے دن اس کا افتتاح کرتے ہوئے سماجی فلاح کے وزیر دامودر راوت نے کہا کہ کم عمر میں شادی ہوجانے سے ان بچوں کی زندگی ہی برباد ہوجاتی ہے اور پوری زندگی دباؤ میں گزرتی ہے۔ حالانکہ بچہ شادی کو روکنے کیلئے قانون بنے ہوئے ہیں لیکن سماج میں کچھ ایسی روایت چل رہی ہے جس کے چلتے بہار میں بری تعداد میں بچہ شادیاں ہورہی ہیں۔ بہار میں 18 سال کی عمر مکمل ہونے سے پہلے ہی 67% لڑکیوں کی شادیاں ہوجاتی ہیں۔ اس پورانی روایت کو ختم کرنے کے لئے ہمیں آگے آنا ہوگا۔ بعد میں خواتین ترقیاتی کارپوریشن کی مینجنگ ڈائرکٹر این وجئے لکشمی نے ایک خصوصی ملاقات میں بتایا کہ کمیشن نے بچہ شادی کو روکنے کے لئے پائلٹ منصوبہ شروع کیا گیا ہے۔ انہوں نے اس کے خاتمہ کیلئے تعلیم کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ساتھ ہی گارجین سے بھی اس میں پہل کرنے کو کہا گیا ہے۔ محترمہ لکشمی نے کہا کہ پورے سماج کو اس کے لئے سوچنا ہوگا اور بیدار ہونا ہوگا، سوچ میں تبدیلی لانی ہوگی۔ انہوں نے جہیز جیسی لعنت کی بھی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ اسے کسی بھی قیمت پر ختم ہونا چاہئے۔ یہ ایک لعنت ہے۔ ورکشاپ میں آئے مہمانوں کا خیر مقدم کرتے ہوئے ڈاکٹر لکشمی نے کہا کہ بچہ شادی بچوں کے اختیارات بے وجہ مداخلت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سماجی، اقتصادی اور ثقافتی برائی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بچہ شادی کو روکنے کیلئے جو قانون بنا ہے اس کے دفعہ 11 کے تحت بچہ شادی کرانے اس کے لئے مائل کرنے اور اس کے ذمہ دار لوگوں کیلئے دو سال قید و مشقت اور ایک لاکھ روپئے جرمانہ کا انتظام ہے۔ انہوں نے بتایا کہ یونیسف کے مل کر کارپوریشن نے ریاست کے تین ضلعوں گیا، ویشالی اور نوادہ کے بیس بلاکوں کے 240، پنچایت کے 853 گاؤں میں بچہ شادی کو روکنے کیلئے پروگرام چلایا جائیگا۔ تقریب سے ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل پولس راج وردھن شرما نے بھی خطاب کیا۔

SANGAM